کے ۱۹۲۹ء کے سفرِحجاز کا سفرنامہ ہے۔ اسے قبولِ عام حاصل ہوا اور اب یہ پانچویں مرتبہ شائع ہوا ہے۔ سفرنامہ بھی ہے اور سفرِ حج اور عمرے کا ہدایت نامہ بھی۔ یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ پون صدی پہلے کے مقابلے میں آج حج اور عمرے کا سفر کس قدر سہل، آسان اور پُرراحت ہوگیا ہے۔]

◎ **میرے حضورؐ کے دیس میں**، جاوید جمال ڈسکوی۔ ناشر: جمال پبلی کیشنز، ڈسکہ۔ ملنے کا پتا: احمد پبلی کیشنز، دوسری منزل، ملک بلڈنگ، ۱۹-اے ایبٹ روڈ، لاہور۔ فون: ۳۶۳۰۷۸۲۸۔ صفحات: ۱۵۱۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔[مکہ اور مدینہ کے مقاماتِ مقدسہ اور نبی کریمؐ کی نسبت سے مقامات کا تاریخی پس منظر اور ان کا ایمان پرور تذکرہ۔ بعض ایسے مقامات کی نشان دہی بھی کی گئی ہے جو عام طور پر زائرین کی نظروں سے اوجھل رہ جاتے ہیں یا وہ لاعلمی میں وہاں سے گزر جاتے ہیں۔ مختلف مقامات کی رنگین تصاویر سے بھی کتاب کو مزین کیا گیا ہے۔ مجموعی طور پر کتاب مفید اور حج وعمرہ اور مقدس مقامات کے زائرین کے لیے ایک گائیڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔]

◎ ماہنامہ **مشکوٰۃ المصباح** (عظیم شخصیات نمبر)، مدیر: محمد ندیم خٹک۔ ملنے کا پتا: مکتبہ المصباح، 1-اے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۷۵۸۶۸۴۶۔ صفحات: ۲۳۸۔ قیمت: ۸۰ روپے۔[جمعیت طلبہ عربیہ کے ترجمان مشکوٰۃ المصباح کی یہ اشاعت خاص ان ۲۸ سعید روحوں کے تذکرے پر مشتمل ہے، جنھوں نے اپنی ساری زندگی اللہ تعالیٰ کے دین کی سربلندی کے لیے کھپادی۔ ان میں مولانا فضل معبود، شیخ عبدالعزیز، مولانا حسن جان شہید، مولانا سید نفیس الحسینی، مولانا فتح محمد، مولانا محمد سلطان (عاصم نعمانی)، طالب الہاشمی، ڈاکٹر خالد علوی، مولانا عبدالرشید غازی اور عامر چیمہ شہیدؒ کے نام نمایاں ہیں۔ اکابر کے اخلاص، فداکاری اور صبرواستقامت کا تذکرہ اور تحریکی روایات کا بیان ــــــ کارکنان کے لیے ولولۂ تازہ اور عزمِ نو۔]

◎ **راجا محمد شریف قاضی، حیات وخدمات**، مرتب: دلشاد احمد دلشاد۔ ناشر: اسلامک پبلی کیشنز، ۳-کورٹ سٹریٹ، لوئر مال، لاہور۔ صفحات: ۲۰۸۔ قیمت: ۱۹۰ روپے۔[ضلع گجرات پنجاب کے متوطن (حال: مقیم برطانیہ) راجا محمد شریف قاضی ۷۰ کے عشرے سے جماعت اسلامی کے رکن چلے آرہے ہیں، اہلِ قلم بھی ہیں۔ یہ کتاب ان کی قابلِ ستایش دعوتی، تبلیغی، علمی اور قلمی سرگرمیوں کی تفصیل پیش کرتی ہے۔ لکھنے والوں میں قاضی حسین احمد، سید منورحسن اور لیاقت بلوچ سے لے کر جماعت اور تحریک کے بہت سے معروف اور غیرمعروف نام شامل ہیں۔ دیباچہ از حافظ محمد ادریس۔]

◎ **ستارۂ سحر**، ڈاکٹر زاہد منیر عامر۔ تناظر مطبوعات، ۵۹۶-نیلم بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ صفحات: ۷۶۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ ضمنی عنوان: ''یادنامہ چودھری محمد منیر خان مرحوم'' مصنف اپنے بچپن ہی میں سایۂ پدری سے محروم ہوگئے۔ زیرنظر کتاب اسی محرومی کا ایک جذباتی اظہار ہے۔ زاہد صاحب شاعر، ادیب اور محقق بھی ہیں اس لیے اس مختصر سی بظاہر غیرعلمی کتاب میں ادبیت اور تحقیق کا اسلوب نمایاں ہے۔ بعض دستاویزات، خطوط اور اسناد وغیرہ بھی شامل ہیں۔]